فوری ریلیز کے لیے: 2023/13/2 **گورنر KATHY HOCHUL**

***گورنر HOCHUL نے اعلان کیا ہے کہ پیری کو ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو اقدام کے چھٹے راؤنڈ میں فنگر لیکس کے علاقے میں 10$ ملین کا فاتح قرار دیا جاتا ہے***

***ڈاؤن ٹاؤن ری ویٹلائزیشن سرمایہ کاریاں ریاست کی جامع اقتصادی ترقی اور کمیونٹی ترقی کی حکمت عملی کا ایک اہم حصہ ہیں***

***پیری کے ڈاون ٹاؤن کے احیائے نو کے لیے ریاست، رہائشیوں، کمیونٹی کے لیڈروں اور عوامی عہدیداروں کے ساتھ مل کر کام کرے گی***

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا کہ پیری کے گاؤں کو ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کے اقدام ( Downtown Revitalization Initiative، DRI) کے چھٹے مرحلے کے فنگر لیکس خطے کے فاتح کی حیثیت سے 10$ ملین کی فنڈنگ ملے گی۔ DRI راؤنڈ 6 کے لیے، ریاست کے 10 اقتصادی ترقی والے علاقوں میں سے ہر ایک کو 10$ ملین سے نوازا جائے گا، جو مجموعی طور پر 100$ ملین کی ایک ریاستی ذمہ داری ہو گی تاکہ ڈاؤن ٹاؤنز کو زندگی سے بھرپور مضافاتی علاقوں میں تبدیل کرتے ہوئے ان کمیونٹیز کی مدد کی جائے کہ یہ اپنی معیشتوں کو فروغ دے سکیں۔

"ہمارے ڈاؤن ٹاؤنز نیویارک کی کمیونٹیز کی رگوں میں دوڑتے خون کی مانند ہیں، اور میری انتظامیہ ان وسائل کی فراہمی کے لیے کوشاں ہے جو انہیں ترقی کی منازل طے کرنے، پھلنے پھولنے اور اپنی مکمل صلاحیتوں تک پہنچنے کے لیے درکار ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ہمارے ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو اقدام کی جانب سے 10$ ملین کی اس سرمایہ کاری کے ذریعے، ہم پیری کی مدد کر رہے ہیں کہ وہ اس اقتصادی ترقی کو اپنے ڈاون ٹاؤنز تک آگے بڑھائے اور کمیونٹی کو مضبوط بناتے ہوئے گاؤں کی بھرپور تاریخ میں اضافہ کریں۔"

DRI ریاست کی اقتصادی ترقی کی پالیسی کے ایک جزو کے طور پر کام کرتا ہے تاکہ ڈاؤن ٹاؤن کے مضافات کو سرگرمی کے ایسے متحرک مراکز میں تبدیل کر دیا جائے جو اعلیٰ معیارِ زندگی کی بنیاد ہوں اور کاروباروں، ملازمتوں اور معاشی و رہائشی تنوع کو اپنی جانب راغب کرتے ہوں۔ DRI کے سابقہ راؤنڈز کی طرح، ہر منتخب کردہ کمیونٹی بنیادی سطح سے اوپر جانے والی کمیونٹی منصوبہ بندی کے ذریعے ایک اسٹریٹجک منصوبہ تیار کرے گی جو اس شہر کی بحالی کے لئے ان کے وژن کو واضح کرے گا اور کلیدی نوعیت والے ایسے منصوبوں کی نشاندہی کرے گا جو تبدیلی کی صلاحیت رکھتے ہوں اور مزید نجی اور عوامی سرمایہ کاری سے فائدہ اٹھائیں۔ اس کے بعد ڈپارٹمنٹ آف سٹیٹ ایسے منتخب منصوبوں کو DRI فنڈز فراہم کرے گا جن میں بحالی اور کمیونٹی کے وژن کو عملی جامہ پہنانے کی سب سے زیادہ صلاحیت دکھائی دے گی۔

**ویلیج آف پیری**

پیری کا گاؤں اپنے تاریخی کردار اور فنون لطیفہ کے تہواروں اور ریاست بھر کے رہائشیوں اور سیاحوں کے لیے تفریحی مواقع کے لیے معروف ہے۔ یہ تاریخی ڈاؤن ٹاؤن ڈسٹرکٹ اور کمیونٹی کے کئی دوسرے اہم مقامات کو تاریخی مقامات کے قومی رجسٹر میں درج کیا گیا ہے، جو گاؤں کے منفرد کردار میں اپنے حصے کا اضافہ کرتے ہیں۔ پیری کی مقامی مارکیٹ سے لے کر بہترین 30-قومی درجہ بندی کے لیچ ورتھ آرٹس اینڈ کرافٹس شو سے لے کر

ٹور ڈی پیری (Tour de Perry) تک، کمیونٹی کے فروغ پاتے ہوئے فنون اور تفریحی مناظر ہزاروں سیاحوں کو پیری کی طرف کھینچ لاتے ہیں اور مقامی معیشت کی معاونت ہوتی ہے۔ گزشتہ کئی سالوں میں، پیری کے ڈاؤن ٹاؤن میں کئی کاروبار بحال ہو چکے ہیں اور کمیونٹی کا احیائے نو کرنے کے لیے کئی پروجیکٹ مکمل کیے گئے ہیں، جن میں یہاں کے عوامی ساحل کی تزئین و آرائش، اس کے ولیج پارک کو سپلیش پارک کے ساتھ جدت آمیز کرنا اور مین اسٹریٹ امپروومنٹ پروجیکٹ کو مکمل کرنا شامل ہے۔ اس مدت کے دوران، پیری کے مرکز میں 36 خود مختار کاروبار شروع ہو چکے ہیں، 11 خصوصی تقریبات منعقد کی گئی ہیں اور گاؤں بھر میں سینکڑوں نئی ملازمتیں پیدا کی گئی ہیں۔

پیری کا ارادہ ہے کہ اپنے چھوٹے شہر والے کردار اور تفریحی سیاحوں سے فائدہ اٹھایا جائے تاکہ گاؤں کو جینسی ویلی کے علاقے میں مہمان نوازی کے پسندیدہ اوّلین انتخاب والے مرکز کے طور پر مستحکم کرنے کے لیے مسلسل بہتریاں لائی جائیں۔ پیری اپنے تصور کو حقیقت کا روپ دینے کے لیے کوشاں ہے کہ موجودہ تاریخی عمارتوں کو مناسب انداز میں دوبارہ زیرِ استعمال لایا جائے، رہائش کے متنوع اختیارات پیدا کیے جائیں، کمیونٹی سروس کے مواقع کو بڑھایا جائے، ڈاؤن ٹاؤن کے کاروباری مالکان کی مدد کی جائے اور اپنے ڈاؤن ٹاؤن میں پیدل چلنے والوں اور سائیکل سواروں کے قابل رسائی راستوں میں اضافہ کیا جائے۔

فنگر لیکس کی علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسل نے پورے خطے میں کمیونٹیز کی جانب سے پیش کردہ تجاویز کا مکمل اور مسابقتی جائزہ لیا اور پیری کو نامزد کے طور پر پیش کرنے کی سفارش کرنے سے پہلے ذیل کے تمام معیارات پر غور کیا ہے:

- ڈاؤن ٹاؤن پختہ جگہ ہے جس کی سرحدیں بخوبی متعین ہیں؛
- ڈاؤن ٹاؤن پہلے والی یا آئندہ آنے والی نجی اور عوامی سرمایہ کاری کو فروغ دے سکتا ہے؛
- شہر کے اندر یا اس کے اردگرد روزگار کے مواقع کا حالیہ یا متوقع فروغ کارکنوں کو راغب کر سکتی ہے، تعمیر نو کی حمایت کر سکتی ہے، اور ترقی کو پائیدار بنا سکتی ہے؛
- ڈاؤن ٹاؤن متنوع برادریوں کے لئے ایک پرکشش اور قابل رہائش علاقہ ہے؛
- اس میونسپلٹی میں ایسی پالیسیاں پہلے ہی موجود ہیں، یا اس میں ایسی پالیسیاں بنانے اور ان پر عمل درآمد کرنے کی صلاحیت موجود ہے جو قابل رہائش بننے کی استعداد اور معیار زندگی بڑھانے میں اپنا کردار ادا کرتی ہیں؛
- اس میونسپلٹی نے کھلے ذہن والی اور مضبوط کمیونٹی شمولیت کا مظاہرہ کیا جس کے نتیجے میں شہر کی بحالی کے لئے ایک وژن اور منصوبوں اور اقدامات کی ابتدائی فہرست تیار ہوئی؛
- اس میونسپلٹی میں DRI پراسیس کا نظم و نسق کرنے کی مقامی استعداد موجود ہے؛ اور
- اس میونسپلٹی میں تبدیلی لانے والے ایسے منصوبوں کی نشاندہی ہو چکی ہے جوDRI فنڈز کی سرمایہ کاریاں کے ذریعے قریب مدت والے منصوبوں کے نفاذ کے لئے پہلے سے تیار ہوں گے۔

پیری کو ریاستی فنڈنگ اور سرمایہ کاریوں کی مد میں 10$ ملین سے نوازا گیا ہے تاکہ اس کے ڈاؤن ٹاؤن کے مضافاتی علاقوں میں زندگی کی رونقیں بحال کی جا سکیں اور مقامی منصوبہ بندی کے عمل کے بعد طویل مدتی ترقی کے نئے مواقع پیدا ہوں۔ پیری، جنیوا، بٹاویا، پین یان، سینیکا فالز، نیوارک اور راچیسٹر کی کمیونٹیز میں شامل ہو گیا ہے، جو پہلے پانچ DRI راؤنڈز میں فنگر لیکس کے علاقے کے فاتح قرار پائے تھے۔

پیری 10$ ملین کی DRI گرانٹ سے 300,000$ تک کے منصوبہ بندی فنڈز کے ساتھ اپنے ڈاؤن ٹاؤن کی بحالی کے لیے سٹریٹیجک سرمایہ کاری منصوبہ تیار کرنے کے عمل کا آغاز کرے گا۔ بلدیاتی نمائندوں، کمیونٹی رہنماؤں اور دیگر اسٹیک ہولڈرز پر مشتمل ایک مقامی منصوبہ بندی کمیٹی اس مہم کی قیادت کرے گی، جسے نجی شعبے کے ماہرین اور ریاستی منصوبہ سازوں کی ایک ٹیم کی مدد و معاونت بھی حاصل ہوگی۔ اسٹریٹجک انویسٹمنٹ پلان مقامی اثاثوں اور مواقع کا جائزہ لے گا تاکہ معاشی ترقی، ٹرانسپورٹیشن، ہاؤسنگ اور کمیونٹی کے ایسے منصوبوں کی نشاندہی کی جا سکے جو شہر کی بحالی کے لئے ہر کمیونٹی کے وژن سے مطابقت رکھتے ہوں اور عملدرآمد کے لئے تیار ہوں۔ اسٹریٹجک انویسٹمنٹ پلان بحالی کے منصوبوں میں DRI گرانٹ فنڈز کی سرمایہ کاری کی رہنمائی کرے گا جس سے اس شہر کے لئے کمیونٹی کا وژن آگے بڑھے گا اور جو ریاست کی 10$ ملین کی سرمایہ کاری

سے فائدہ اٹھا کر علاقے کے ترقیاتی منصوبوں میں مزید وسعت لائے گا۔ DRI کے چھٹے راؤنڈ کے منصوبے 2023 میں مکمل ہو جائیں گے۔

**سیکرٹری برائے اسٹیٹ Robert J. Rodriguez نے کہا،** "ہمارا ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کا اقدام اس بات کا ثبوت ہے کہ ڈاؤن ٹاؤن کمیونٹیز میں کی گئی سرمایہ کاری، مقامی اور علاقائی اقتصادی ترقی کا باعث بنتی ہے۔ اس فنڈنگ کے ساتھ، پیری ایسے منصوبوں پر توجہ مرکوز کرے گا جو مزید متنوع رہائش اور کاروبار کے مواقع پیدا کریں گے اور اس تاریخی گاؤں کی دلکشی کو محفوظ رکھیں گے، اور اس کے نتیجے میں فنگر لیکس کے پورے خطے کے لیے مہمان نوازی کے ایک بہترین اور سیاحتی مقام کے طور پر اس کی حیثیت کو مضبوط بنائیں گے۔"

**امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، CEO اور کمشنر Hope Knight نے کہا،** "پیری کا ہدف شدہ، آگے کی سوچ رکھنے والا منصوبہ بہت وسعت کا حامل ہے اور یہ اپنے دلکش گاؤں کے تاریخی ماضی اور اس کے امید افزا مستقبل سے بھرپور مستفید ہو گا۔ DRI کی فنڈنگ اس تصور کو آگے بڑھانے میں کام آئے گی، معاشی ترقی کو مزید متحرک کرے گی جس کے نتیجے میں مواقع کو وسعت ملے گی اور آئندہ برسوں تک اس خوبصورت کمیونٹی کی طرف آنے والوں کو متوجہ کرے گی۔"

**ریاست نیویارک کے گھروں اور کمیونٹی کی تجدید کی کمشنر RuthAnne Visnauskas نے کہا،** "نیویارک نے آج جو 10$ ملین کا وعدہ کیا ہے اس کے نتیجے میں پیری کے تاریخی ڈاؤن ٹاؤن میں بہتریاں لائی جائیں گی جس سے رہائشی اور فنگر لیکس کے سیاح آئندہ عشروں تک لطف اندوز ہوتے رہیں گے۔ ریاست کے ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کے اقدام کے ذریعے کی گئی یہ اہم سرمایہ کاری پیری کے کمیونٹی لیڈروں کی مدد کرے گی کہ وہ موجودہ تاریخی عمارتوں کی تزئین و آرائش کریں اور نئے، متنوع رہائش کے مواقع پیدا کریں۔ ہماری ریاست بھر میں کمیونٹیز کا احیائے نو کرنے پر گورنر Hochul کی قیادت اور لگن کے لیے آپ کا شکریہ۔"

**فنگر لیکس ریجنل اکنامک ڈویلپمنٹ کے شریک چیئرز Bob Duffy، صدر اور CEO، گریٹر راچسٹر چیمبر آف کامرس اور Denise Battles، SUNY کے صدر Genesee نے کہا،** "ہمیں فنگر لیکس علاقے میں حالیہ ترین DRI وصول کنندہ کے طور پر پیری کے گاؤں کا نام دیکھ کر ناقابل یقین حد تک خوشی ہوئی ہے۔ یہ خوبصورت کمیونٹی اپنے اسٹریٹجک منصوبے پر کام کرنے کے لیے تیار ہے جس کا مقصد یہ ہے کہ سرمایہ کاری حاصل کی جائے اور گاؤں کے تاریخی کاروباری ڈسٹرکٹ کے قلب اور روح میں دوبارہ توانائی بھر دی جائے۔"

**ریاستی سینیٹر George Borrello نے کہا،** "یہ پیری گاؤں اور پورے جینسی ویلی کے علاقے کے لیے ایک شاندار خبر ہے۔ ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کے اقدام (Downtown Revitalization Initiative, DRI) کی 10$ ملین کی یہ گرانٹ پیری کے لیے ممکن بنائے گی کہ کاروبار اور سیاحت کی منزل اور خوبصورت لیچ ورتھ اسٹیٹ پارک کے گیٹ وے کے طور پر اپنی نشاۃ ثانیہ کو جاری رکھ سکے۔ یہ ایوارڈ ان مقامی رہنماؤں کی محنت کا نتیجہ ہے جو اپنی کمیونٹی اور علاقے کے لیے خوشحالی کی جانب ایک راہ کی منصوبہ بندی کرنے کے لیے اکٹھے ہوئے تھے۔ اس ایوارڈ سے پیری کے تاریخی ڈاؤن ٹاؤن کے ڈسٹرکٹ کو دوبارہ زندہ کرنے کے لیے نجی سرمایہ کاری کو فائدہ پہنچے گا۔ پیری پورے نیویارک کی ان واحد 10 کمیونٹیز میں سے ہے جسے 10$ ملین DRI رقم موصول ہوئی ہے۔ یہ ان کے تصور اور عزم کی مضبوطی کا ایک ثبوت ہے۔ گورنر Hochul اور ریاست نیویارک کا شکریہ کہ انہوں نے ہماری دیہی کمیونٹیز میں سرمایہ کاری کی اہمیت کو تسلیم کیا کیونکہ یہ ہمارے علاقے کے روشن مستقبل کی تعمیر کرتے ہوئے، خود اپنے آپ کو جدت آمیز اور نئے سرے سے تخلیق کر رہی ہیں۔"

**رکن اسمبلی Marjorie Byrnes نے کہا،** "میں بہت خوش ہوں کہ ولیج آف پیری کو ڈاؤن ٹاؤن کے جاری احیائے نو کے لیے فنڈز سے نوازا گیا ہے۔ جب میئر سے میری پہلی ملاقات ہوئی، تو مجھے گاؤں کے بہت سے پروجیکٹس اور تقریبات میں تیزی کے لیے لایا گیا تھا۔ مجھے یقین ہے کہ اس فنڈنگ کو پیری کے فروغ پذیر ڈاؤن ٹاؤن کے علاقے کی توسیع کرنے کے لیے بہترین انداز میں استعمال کیا جائے گا۔"

**وائیومنگ کاؤنٹی بورڈ آف سپروائزرز کی صدر Rebecca Ryan نے کہا،** "وائیومنگ کاؤنٹی بہت سی چھوٹی کمیونٹیز اور دیہاتوں پر مشتمل ہے جو تاریخ، خوبصورت فن تعمیر اور دلکشی سے مالا مال ہے۔ سرکاری/ نجی

شراکت داریاں بہت ضروری ہیں تاکہ ہماری بھرپور صلاحیتوں سے فائدہ اٹھایا جائے اور اپنے ڈاؤن ٹاؤنز کو دوبارہ متحرک کیا جائے۔ یہ سرمایہ کاری، اور اس کے ساتھ منصوبہ بندی شدہ پروجیکٹس، پیری گاؤں کے لیے نئی پُرجوش ترقی کا عہد کرتے ہیں جس کے نتیجے میں پیری اور وائیومنگ کاؤنٹی کے موجودہ اور مستقبل کے رہائشیوں، کاروباروں اور سیاحوں کی زندگیوں کا معیار بہتر ہو گا۔ ہم گورنر Hochul کے عزم پر اور اس بات کو یقنی بنانے پر ان کے شکرگزار ہیں کہ بالائی ریاست کی کوئی کاؤنٹی نظر انداز نہ کی جائے۔"

**پیری کے میئر Rick Hauser نے کہا،** "ہمارے احیائے نو کے سفر کے دوران، پیری کے بکھرے ہوئے چھوٹے گاؤں میں کبھی بھی ذہین، سمجھدار لوگوں، تصور، عزم یا عمل کی کمی نہیں آئی۔ لیکن یہ ایوارڈ ہمارے لیے ممکن بناتا ہے کہ ہم اپنے کام کی رفتار کو بلند ترین درجے تک لے جائیں! رہائش، کھانے پینے، بیرونِ خانہ تفریح، فنون اور سیاحوں کی رہائش جیسے شعبوں میں، اس طرح کا موقع حاصل ہونے سے بہت زیادہ اثر پڑے گا، جس سے ہدف شدہ نجی سرمایہ کاری اور شہری بہتریوں کی حوصلہ افزائی ہو گی تاکہ ایک متحرک، لچکدار ڈاؤن ٹاؤن کو تقویت دینے والے اس تصور کی طرف پیش قدمی کی جائے۔ آپ کی شراکت داری، ان ترقی پسند پروگراموں، اور پیری پروجیکٹ پر یقین رکھنے کے لیے گورنر Hochul، ESD، دی REDC آپ کا شکریہ۔"

**<u>اندرون شہر کی احیائے نو کے اقدام کے بارے میں</u>**

ریاست کے تمام دس علاقوں کے ڈاؤن ٹاؤنز اور مضافات میں احیائے نو کے عمل کو تیزتر کرنے اور اس میں توسیع کرنے کی غرض سے ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کا اقدام 2016 میں ترتیب دیا گیا تھا تاکہ وہ سرگرمی کے مراکز اور سرمایہ کاری کو تیز کرنے والے عوامل کی صورت میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔ امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ، گھروں اور کمیونٹی کی تجدید، اور ریاست نیویارک توانائی کی تحقیق اور ترقی کی اتھارٹی کے تعاون سے محکمہ خارجہ کی قیادت میں، DRI نے ایک بے مثال اور جدید "منصوبہ-بنائیں-پھر-عملدرآمد-کریں" کی حکمت عملی کی نمائندگی کی ہے جو اسٹریٹجک منصوبہ بندی کو فوری نفاذ کے ساتھ مربوط کرتی ہے اور اس کے نتیجے میں ایک مربوط، پیدل چلنے کے قابل ایسے ڈاؤن ٹاؤنز بنائے جائیں گے جو ریاست نیویارک کو COVID-19 کی عالمی وبا کے اثرات سے بحال ہونے کے لیے اپنی معیشت کی تعمیر نو میں مدد کرنے کے لئے ایک اہم جزو کی حیثیت رکھتے ہوں گے، مزید برآں، پبلک ٹرانزٹ کے استعمال کو فروغ دے کر اور نجی گاڑیوں پر انحصار کو کم کر کے ریاست کے جرات مندانہ ماحولیاتی اہداف بھی اس کے ذریعے پورے ہوں گے۔

پروگرام کے پہلے پانچ برسوں میں ریاست نے 59 ڈاؤن ٹاؤنز میں 600$ ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کا اجراء کیا جو بحالی کے لئے تیار ہیں اور جو تعمیر نو، کاروبار، روزگار کی تخلیق، زیادہ سے زیادہ اقتصادی اور رہائشی تنوع اور مواقع کے لئے مقناطیس بننے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ شرکت کرنے والی کمیونٹیز کو ریاست کی 10 علاقائی ترقیاتی کاؤنسلز کی جانب سے نامزد کیا گیا ہے جس کی بنیاد اندرون شہر کے تبدیلی کے امکان پر ہے۔ ہر کمیونٹی کو شہر میں اسٹریٹجک سرمایہ کاری کا منصوبہ تیار کرنے اور کلیدی محرک منصوبوں کو نافذ کرنے کے لئے 10$ ملین دیے جاتے ہیں جو کمیونٹی کی بحالی کے وژن کو آگے بڑھاتے ہیں اور اضافی نجی اور عوامی سرمایہ کاری سے استفادہ کرتے ہیں۔

DRI کے بارے میں مزید معلومات یہاں دستیاب ہے۔

###


اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418